# پاکستان براڈکاسٹنگ کارپوریشن

ہائی پاور ٹرانسمیٹر، راولپنڈی

عقب کوہِ نور ملز، آئی ۱۴/۴

اسلام آباد

# پاکستان براڈکاسٹنگ کارپوریشن (PBC)

## ہائی پاور ٹرانسمیٹر راولپنڈی

**No:______________** **Dated:____________**

پاکستان براڈکاسٹنگ کارپوریشن (PBC) ہائی پاور ٹرانسمیٹر راولپنڈی اپنی حدود میں واقع خالی اراضی سے جنگلی شہتوت کے درخت، گھنی جھاڑیاں، مختلف قسم کے خودرو غیر ضروری پودے، گرے ہوئے خشک درختوں کی کٹائی، صفائی اور سائٹ سے اُٹھائی اور منتقلی کے کام/نیلامی کے لئے مناسب تجربہ رکھنے والے اور اہل فرموں/اداروں/ٹھیکیداروں سے درج ذیل شرائط و ضوابط پر بولیاں طلب کرتا ہے۔

درج ذیل ٹینڈر شرائط وضوابط!

۱۔ نیلامی ''جہاں ہے، جیسے ہے'' کی بنیاد پر ہوگی۔

۲۔ ضرورت کے کام کا مناسب تجربہ رکھنے والی کسی بھی سرکاری/نیم سرکاری یا خودمختار فرم/ادارے کی بلیک لسٹ میں شامل نہ ہوں اور قابل اطلاق تمام ٹیکسز اور قانونی تقاضوں کی پابندی کرتے ہوں۔

۳۔ کام کو مکمل کرنے کے لئے کامیاب بولی دہندہ (15) دن کے اندر تمام مواد سائٹ سے ہٹا کر اراضی کی مکمل صفائی کا کام کا پابند ہوگا، جبکہ صفائی کے دوران موجود تقریباً 225 سبز اور موجودہ مفید درخت ہر صورت محفوظ رکھے جائیں گے۔

۴۔ کسی بھی مفید درخت، سرکاری املاک، عمارت، دیوار، سڑک، ٹیلی فون لائن یا دیگر تنصیبات کو نقصان پہنچنے کی صورت میں اس کی مکمل ذمہ داری اور ازالہ کامیاب بولی دہندہ کے ذمہ ہوگی۔

۵۔ ہر بولی دہندہ اپنی بولی کے وقت سے قبل بطور بولی مالی ضمانت (Bid Security) کے طور پر مبلغ -/100000 ایک لاکھ روپے قابل واپسی بینک ڈرافٹ/پے آرڈر بنام ''ہائی پاور ٹرانسمیٹر راولپنڈی'' کے ساتھ جمع کروانے کے پابند ہوں گے۔ جبکہ کامیاب بولی دہندہ کی (Bid Security) ایڈجسٹ ہو جائے گی۔

۶۔ غیر کامیاب بولی دہندہ کی (Bid Security) مناسب/ضروری کروائی اور کام مکمل ہونے کے بعد واپس کی جائے گی۔

۷۔ ہر بولی دہندہ کے لئے بولی جمع کرانے سے قبل سائٹ کا معائنہ کرنا لازم ہوگا تاکہ کام کی نوعیت مقدار اور زمینی حقائق کا مکمل اندازہ ہو سکے۔ بعد ازاں کسی قسم کا دعوٰی عذر یا اعتراض قابل قبول نہیں ہوگا۔

۸۔ مبلغ -/10000 دس ہزار روپے (Bid Processing Fee) کی مد میں بطور ناقابل واپسی فیس جمع کروانا ہوگی

۹۔ کامیاب بولی دہندہ bid security کے علاوہ پراجیکٹ کی کل بولی رقم کا پچیس فیصد (25%) بطور قابل اطلاق ٹیکس موقع پر بطور Pay Order/Bank Draft بنام High power Transmitter Rawalpindi جمع کرانے کا پابند ہوگا، جبکہ بقیہ رقم پندرہ دن کے اندر اور کام شروع کرنے سے پہلے ادارے کو جمع کروانے کا پابند ہوگا اور مقررہ مدت کے اندر کام مکمل کرنا ہوگا۔

۱۰۔ مقررہ مدت میں بقیہ رقم جمع نہ کروانے/کام نہ کرنے کی صورت میں جمع شدہ 25 فیصد بطور(Bid Security) بحقِ ادارہ ضبط کرلی جائے گی اور بولی منسوخ تصوّر ہوگی، اور بولی منعقد کرنے والی کمیٹی کو اپنی صوابدید پر دیگر بولی دہندگان کے ساتھ مذاکرات کر کے مناسب شرائط پر کام کروانے کا اختیار ہوگا۔

۱۱۔ بولی میں شرکت کے خواہشمند افراد اصل کارآمد قومی شناختی کارڈ بمع نقل اور اپنا مکمل قومی ٹیکس نمبر (NTN) بمع جنرل سیلز ٹیکس (GST) نمبر ہمراہ لائیں گے، جبکہ کمپنی کے نمائندے کی صورت میں اتھارٹی لیٹر اور قومی شناختی کارڈ لازمی ہوگا۔

۱۲۔ پاکستان براڈکاسٹنگ کارپوریشن کے صدر دفتر اسلام آباد کی نگران نیلامی کمیٹی مقامی نیلامی کمیٹی کے ذریعہ نیلامی کے تمام مراحل کی نگرانی کرے گی جو کہ صدر دفتر اور دفتر کنٹرولر پی بی سی ایچ پی ٹی راولپنڈی کے درمیان قائم وڈیو لنک کے ذریعے انجام دی جائے گی۔

۱۳۔ کامیاب بولی دہندہ اس بات کا پابند ہوگا کہ صفائی کا کام مکمل صفائی اور شفاف طریقے سے تمام متعلقہ ماحولیاتی قوانین، پنجاب/وفاقی ماحولیاتی تحفظ کے قوانین اور دیگر شرائط وضوابط اور متعلقہ ہدایات کے مطابق انجام دے۔

۱۴۔ صرف جنگلی جھاڑیوں، گھاس پھوس اور غیر ضروری درختوں کی صفائی ہوگی، جبکہ تمام مفید سبز اور محفوظ درختوں کو کسی قسم کا نقصان نہیں پہنچایا جائے گا۔

۱۵۔ اگر کام کے دوران کسی بھی مفید درخت یا سرکاری املاک کو نقصان پہنچتا ہے تو اس کی مکمل ذمہ داری کامیاب بولی دہندہ پر عائد ہوگی۔

۱۶۔ تمام ضروری حفاظتی اقدامات کامیاب بولی دہندہ کی ذمہ داری ہوں گے۔ ضرورت پڑنے پر متعلقہ ماحولیاتی ادارے سے اجازت حاصل کرنا بھی کامیاب بولی دہندہ کی ذمہ داری ہوگی۔

۱۷۔ آکشن مورخہ 01 ستمبر 2026ء دن 11:00 بجے دفتر پی بی سی ہائی پاور ٹرانسمیٹر راولپنڈی، آئی ۱۱۴/۴، اسلام آباد میں نیلامی کمیٹی کی سربراہی میں شروع ہوں گی۔

۱۸۔ بولیاں EPADS PPRA کے ذریعے مورخہ یکم ستمبر 2026 صبح 11:00 بجے تک آن لائن (Online) جمع کرائی جاسکتی ہیں۔ EPADS PPRA اور براہِ راست موصول ہونے والی بولیوں میں سے جو سب سے زیادہ بولی ہوگی، وہ کامیاب تصور ہوگی۔ پے آرڈر بنام ''ہائی پاور ٹرانسمیٹر راولپنڈی'' ہونا چاہیے۔ کم سے کم منظور شدّہ رقم (Reserve Price) EPADS PPRA پر دیکھی جاسکتی ہے۔

۱۹۔ اس کام میں جنگلی شہتوت کے درختوں، گھنی جھاڑیوں، خودرو وغیر ضروری پودوں کی کٹائی اور گرے ہوئے خشک درختوں کا سائٹ سے اُٹھایا جانا اور ایریا کی مکمل صفائی شامل ہے۔

۲۰۔ نامکمل مشروط شرائط وضوابط، یا مقررہ وقت کے بعد موصول ہونے والی بولی قابل قبول نہیں ہوں گی۔

۲۱۔ پاکستان پروکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی (PPRA Rules, 2004) کے مطابق کسی بھی/تمام بولیوں کو قبول/مسترد کرنے کا حق محفوظ ہوگا۔

۲۲۔ دفتری اوقات برائے سائٹ وزٹ پیر تا جمع صبح 10 بجے تا دوپہر 03 بجے۔

انجینئر اسد ایوب

کنٹرولر

پی بی سی ہائی پاور ٹرانسمیٹر راولپنڈی۔ 051-9334245, 0345-5132053